لائے ، بلتستان کے مختلف مساجد میں خطبہ جمعہ دینے کے ساتھ ساتھ جامعہ اور اس کے کئی برانچ مدارس کا دورہ بھی کیا۔

15-6-08 مذکورہ مہمانوں کے اعزاز میں جامعہ میں ایک شاندار جلسے کا اہتمام کیا گیا جس میں مولانا عبدالرشید حجازی اور امتیاز احمد مجاہد اور قاضی ریاض قدیر نے خطاب کیا اور حافظ عبیدالرحمن مدنی کو اہل حدیث یوتھ فورس بلتستان کا صدر نامزد کیا گیا۔

17-6-08 مولانا بارک اللہ صمصام صاحب کی زیر قیادت 19 رکنی تبلیغی وفد ضلع قصور سے تشریف لایا اور بلتستان کے مختلف علاقوں میں 15 روزہ تبلیغی دورہ کیا۔ ہم جناب حافظ یحیٰ میر محمدی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے یہ مبارک سلسلہ جاری کیا۔

28-6-08 ڈاکٹر حافظ محمد اسحاق صاحب کے زیر اہتمام كلية الشريعة میں 6 روزہ دعوتی، تربیتی، علمی ریفریشر کورس شروع ہوا جس میں 140 اساتذہ کرام اور معلمات نے شرکت کی۔ جملہ محاضرین میں حافظ ثناء اللہ مدنی صاحب، حافظ مسعود عالم صاحب، الشیخ ارشاد الحق اثری صاحب، الشیخ عبدالستار حماد صاحب شامل تھے۔

29-7-08 جامع مسجد چھورکا، شگر میں حرمت رسول کانفرنس منعقد ہوئی جس میں جامعہ دارالعلوم سے نمائندہ وفد اور طلباء کے علاوہ مذکورہ بالا علمائے دین نے بھی شرکت کی اور پر مغز تقریریں کیں

نامے جو میرے نام آئے

میں مجلہ التراث کے تمام انتظامیہ کو اتنا معیاری رسالہ شائع کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں نے اپنی 36 سالہ صحافتی زندگی میں اتنا اچھا، قرآن وسنت کی تبلیغ کرنے اور عوام کے معیار پر پورا اترنے والا رسالہ نہیں دیکھا۔ میں اپنی جانب سے آپ کو مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔

(محمد علی ابنالوی، پریس رپورٹر، گوجرانوالہ)

اگر سکول کے بچوں کے لیے بھی مجلہ التراث میں ایک الگ پورشن (حصہ) رکھیں یا بچوں کے نام سے ایک رسالہ کا اجراء کریں، تو بچے بھی شوق سے حصہ لیں گے، جو کہ ان کے مستقبل کے لیے بہتر ہوگا۔

(محمد ابراہیم، ایم اے ایجوکیشن قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت)